جمعیۃ الخطابہ

سے تو آپ واقف ہی ہیں۔ یہ دارالحدیث رحمانیہ دہلی کے طلبہ کی وہ جمعیۃ اور انجمن ہے جس میں وہ ہر ہفتہ دیئے ہوئے مضامین پر پوری تیاری کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہیں۔ اور اس طرح وہ تقریر و خطابت میں مشق جاری رکھتے ہوئے کامیاب مقرر بن رہے ہیں۔ گذشتہ سالوں کی طرح اس سال بھی اس کا سالانہ اجلاس ۲۶ ستمبر ۳۵ء کو غیر معمولی اہتمام اور شان کے ساتھ زیر صدارت حضرت شیخ الحدیث دامت برکاتہم منعقد ہوا۔ صبح سے شروع ہو کر شام کے چار بجے تک جاری رہا۔ مختلف مضامین پر بہترین عربی اور اردو تقریریں ہوئیں بعض لڑکوں کو برجستہ عنوانات بھی دیئے گئے جن کو انھوں نے اپنی بساط کے مطابق اچھے انداز میں بیان کیا۔

مکرم جناب مہتمم صاحب مدظلہ العالی نے اپنی مشہور فیاضی۔ اور مسلّم دریادلی سے قابلِ انعام مقررین کو گرانقدر عطیات سے نوازا۔ محترم جناب مولانا محمد صاحب بھی پورے اجلاس میں شریک رہے۔ اخیر میں آپ نے طلبہ کو اپنے مفید مشوروں اور قابل قدر نصیحتوں سے ممنون فرمایا۔ اور دعا خیر و برکت کے ساتھ اجلاس ختم ہو کر رات کو مدرسہ میں ایک پر تکلف دعوت بھی ہوئی۔

اللہ تعالیٰ مہتمم مدرسہ کے ان بلند حوصلوں کو ہمیشہ قائم رکھے اور خدمت دین کے اس پاک جذبے کو روز افزوں ترقی بخشے۔ اور قبول فرمائے آمین اللھم آمین

خوش قسمتی سے اتفاقاً جماعت اہل حدیث کے سربرآوردہ عالم۔ سرگرم مناظر۔ بہترین مقرر۔ محترم جناب مولانا محمد یوسف صاحب شمس فیض آبادی دہلی تشریف لائے تھے ...... مورخہ ۷ راکتوبر ۳۵ء کو مدرسہ میں مولانا کو چائے کی دعوت دی گئی۔ آپ کی تہنیت میں فوری طور پر ایک جلسہ بھی منعقد ہوا۔ جس میں طلبہ نے عربی و اردو تقریریں کیں۔ حفظ حدیث کا نمونہ بھی آپ کے سامنے پیش کیا گیا۔ جس سے آپ بے حد محظوظ ہوئے۔ اخیر میں آپ نے آیہ کریمہ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۔ کے ماتحت ایک نہایت ہی مفید اور پر لطف تقریر فرمائی۔ انداز بیان کی دلچسپیوں کا اندازہ وہی لوگ کر سکتے ہیں جنھیں کبھی آپ کی مجلس میں شرکت کا موقع ہوا ہو۔ اللہ تعالیٰ ایسی مغتنم ہستیوں کو تادیر ہمارے سروں پر قائم رکھے آمین

اعلان

جن حضرات کے ٹکٹ خریداری پورے ہو جاتے ہیں ان کو اطلاع دینے کیلئے ہم آخری پرچے کے شروع صفحے پر متنبہ کر دیتے ہیں۔ اس کے بعد جدید ٹکٹ نہ آنے کی صورت میں رسالہ بند کر دیا جاتا ہے تو شکایت آتی ہے کہ رسالہ نہیں پہنچا۔ اس لئے ہم مکرر یاددہانی کرتے ہیں کہ آپ لوگ اول صفحہ ضرور دیکھ لیا کریں۔ نیز ہر قسم کی اطلاع کیلئے چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیا کریں، ورنہ عدم تعمیل کی شکایت بیجا ہوگی۔ پتہ بہت صاف لکھا کریں۔

(مینیجر)